## متحدہ قومی موومنٹ صدارتی انتخابات میں آصف علی زرداری کی مکمل حمایت کرے گی۔الطاف حسین

## میاں نوازشریف بھی محاذ آرائی سے گریز کریں اورصدارتی انتخابات میں آصف زرداری کی حمایت کریں

## پنجاب کے حق پرست عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی آصف زرداری کی حمایت کریں

## خودکش حملے کرکے معصوم وبے گناہ انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے اسلام اور پاکستان کے دوست نہیں

## ہم پختونوں یا کسی جماعت کے خلاف نہیں ہیں بلکہ صرف طالبانائزیشن کے خلاف ہیں

## پارہ چنار، ڈیرہ اسماعیل خان اور دیگر علاقوں کے شیعہ اور سنی عوام اللہ اور رسولؐ کے واسطے فرقہ وارانہ جنگ ختم کردیں

## پارہ چنار میں فرقہ وارانہ تصادم کی روک تھام کیلئے علمائے کرام پر مشتمل جرگہ منعقد کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں

## کراچی سمیت سندھ کے 19 شہروں میں کارکنوں کے اجلاس سے بیک وقت ٹیلیفونک خطاب

کراچی۔۔۔24اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اعلان کیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ صدارتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی مکمل حمایت کرے گی۔انہوں نے مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نوازشریف سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ بھی محاذ آرائی سے گریز کریں اورصدارتی انتخابات میں آصف زرداری کی حمایت کریں۔انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر خودکش حملے کرکے معصوم وبے گناہ انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے اور ملک کوغیر مستحکم کرنے والے اسلام اور پاکستان کے دوست نہیں ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ ہم پختونوں یا کسی جماعت کے خلاف نہیں ہیں بلکہ ہم صرف طالبانائزیشن کے خلاف ہیں۔انہوں نے پارہ چنار، ڈیرہ اسماعیل خان اور دیگر علاقوں میں فرقہ وارانہ تصادم اور تشدد کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے ان علاقوں کے شیعہ اور سنی عوام سے اللہ اور رسولؐ کا واسطہ دیکر اپیل کی ہے کہ وہ فرقہ وارانہ جنگ ختم کریں اور ایک دوسرے کی جان ومال کونقصان پہنچانے سے گریز کریں۔جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار اتوار کوایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں نے شرکت کی جن میں مردوخواتین، کارکنان وذمہ داران، اراکین رابطہ کمیٹی، ارکان پارلیمنٹ بھی شامل تھے۔جناب الطاف حسین کا یہ خطاب کراچی سمیت سندھ کے 19 شہروں میں بیک وقت سنا گیا جن میں حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، شکارپور، گھوٹکی، کشمور، خیرپور، نوشہروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، نواب شاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار اور جامشوروشامل ہیں۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے صلاح مشورے سے ملک کے صدارت کے انتخابات کیلئے پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے سندھ بھر میں اجلاس میں شریک کارکنوں سے دریافت کیا کہ کیا آپ تحریک کے اس فیصلے کی توثیق کرتے ہیں؟اس پر کراچی سمیت سندھ بھر میں ہونے والے اجلاسوں میں موجود تمام کارکنوں نے اس فیصلے کی حمایت میں بھرپور انداز میں نعرے لگائے اورخوشی کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما اور آصف علی زرداری اور پیپلزپارٹی کے دیگر رہنما سندھ کے شہری اور دیہی علاقوں کے عوام کوقریب لانے کیلئے جس طرح کوششیں کررہے ہیں انہیں سراہتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے مستقل باشندوں کوایک دوسرے سے لڑکر نہیں بلکہ آپس میں ملکر اور بھائی بھائی بنکر صوبہ سندھ اوراس کے عوام کی خدمت کرنی ہے اور سندھ کے حقوق حاصل کرنے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پیپلزپارٹی کے رہنما آصف علی زرداری کوصدارت کے عہدے کیلئے نامزد کیا گیا ہے تواسے بھی لسانی رنگ دیا جارہا ہے اور میاں نوازشریف اورانکی جماعت آصف زرداری کی کھل کر مخالفت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ سے تعلق رکھنے والا وہ شخص جس نے جمہوریت کیلئے جدوجہد کی اور قربانیاں دیں، جس کی بیوی نے جمہوریت کیلئے جان دیدی، محترمہ بینظیر بھٹوشہید کے والد اور بھائی نے جمہوریت کیلئے قربانی دی، نوازشریف کوبھی انکی حمایت کرنی چاہیے نہ کہ مخالفت کرنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ملک کواس وقت محاذ آرائی اور انتشار کی نہیں بلکہ اتحاد کی ضرورت ہے لہٰذا میں میاں نوازشریف سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ ملک پر رحم کریں، محاذ آرائی سے گریز کریں اورصدارتی انتخابات میں آصف علی زرداری کی حمایت کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اے این پی، مولانا فضل الرحمٰن کی جے یوآئی اور ایم کیوایم نے صدارتی انتخابات کیلئے آصف زرداری کی حمایت کی ہے لہٰذا میں پنجاب کے حق پرست عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی آصف زرداری کی حمایت کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ رمضان المبارک ایسے وقت میں آرہا ہے کہ جب ملک میں مہنگائی آسمان سے باتیں کررہی ہے، معاشی واقتصادی صورتحال نازک ترین ہے، سیاسی طور پر بھی حالات تسلی بخش نہیں ہیں، ملک کے قبائلی علاقہ جات حالت جنگ میں ہیں، انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کے صدقے

ملک کے سیاسی ومعاشی حالات بہتر کردے اور ملک کو دہشت گردوں سے نجات دلائے ۔انہوں نے کہا کہ دوروز قبل واہ کینٹ میں آرڈی ننس فیکٹری کے باہر دوخودکش بم دھماکے ہوئے جن میں سو سے زائد معصوم و بے گناہ ملازمین شہید وزخمی ہوگئے ،کئی سہاگنیں بیوہ اورکئی بچے یتیم ہوگئے ،کئی خاندانوں کے سہارے ان سے چھن گئے ،کئی خاندان اپنے گھروں کے واحد کفیل سے محروم ہوگئے ۔انہوں نے سوال کیا کہ معصوم لوگوں کے خون سے ہولی کونسے اسلام کے تحت کھیلی جارہی ہے؟ اسلام کے معنی تو سلامتی کے ہیں، کیا اسلام معصوم و بے گناہ لوگوں کو قتل کرنے کا درس دیتا ہے؟ کیا ایسا کرنے والے مسلمان کہلانے کے مستحق ہوسکتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ خودکش حملے کرکے معصوم وبے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے اور ملک کو غیر مستحکم کرنے والے اسلام اور ملک کے دوست نہیں ہوسکتے ۔ جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکوں میں شہید ہونے والوں کے ایصال ثواب اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی ۔انہوں نے دہشت گردی کو کنٹرول کرنے کیلئے حکومت کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ قبائلی علاقوں میں پولیس ، ایف سی اور فوج کے جو جوان دہشت گردی کا مقابلہ کررہے ہیں انہیں سلام تحسین پیش کرتا ہوں اور دہشت گردی کے خلاف اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں ۔انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں دہشت گردی کی وجہ سے وہاں سے لاکھوں افراد نقل مکانی کرچکے ہیں اور پشاور میں کیمپوں میں پناہ لینے پر مجبور ہیں جہاں خواتین اور بچے بہت مشکلات سے دوچار ہیں ۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کیمپوں میں پناہ لینے والے قبائلی علاقوں کے ان خاندانوں کی امداد پر بھرپور توجہ دی جائے اوران کیلئے امدادی فنڈز میں اضافہ کیا جائے ۔انہوں نے دہشت گردی پر کنٹرول کرنے اور قبائلی علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امداد کیلئے امدادی سرگرمیاں انجام دینے پر حکومتی اہلکاروں خصوصا وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا ۔ جناب الطاف حسین نے پارہ چنار میں فرقہ وارانہ فسادات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پارہ چنار، ڈیرہ اسماعیل خان اور صوبہ سرحد کے مختلف شہروں میں فرقہ وارانہ بنیادوں پر معصوم و بے گناہ افراد کو خاک وخون میں نہلایا جارہا ہے اوراب تک سینکڑوں افراد ان فرقہ وارانہ فسادات کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں ۔متحدہ قومی موومنٹ فرقہ وارانہ بنیاد پر ہونے والے واقعات میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے ۔ جناب الطاف حسین نے تمام فرقہ کے علمائے کرام اورا کابرین سے اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کی روک تھام کرنے کیلئے آپس میں مل کر بیٹھیں اور ’’ لکم دینکم ولی الدین‘‘ پر عمل کرتے ہوئے ایک دوسرے کے عقیدے کا احترام کریں ۔انہوں نے پارہ چنار، ڈیرہ اسماعیل خان اور دیگر علاقوں کے شیعہ اور سنی عوام سے اللہ اور رسولؐ کا واسطہ دیکر اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ جنگ ختم کریں ،فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کریں اور ایک دوسرے کی جان ومال کو نقصان پہنچانے سے گریز کریں ۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پارہ چنار اور دیگر علاقوں میں فرقہ وارانہ تشدد کے واقعات کی روک تھام کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں ۔انہوں نے کہا کہ حکومت کہے تو اس فرقہ وارانہ تصادم کی روک تھام کیلئے ہم بھی دونوں فریقین کے علمائے کرام پر مشتمل جرگہ منعقد کرنے کیلئے دیانتداری سے اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم نے طالبانائزیشن کے خلاف آواز بلند کی تو بعض عناصر نے اسے پختونوں کے خلاف قرار دیا ،انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ پختونوں سے ہمارا کوئی جھگڑا نہیں ہے ،ہم پختونوں یا اے این پی کے خلاف نہیں ہیں ،ہم صرف طالبانائزیشن کے خلاف ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ انسانیت سے پیار کرنے والے صوفیوں کی سرزمین ہے انسانوں کی گردنیں قلم کرنے والوں کی نہیں ،سندھ لال شہباز قلندرؒ، شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ اور دیگر بزرگان دین کی سرزمین ہے اور ہم سندھ یا سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریں گے ۔انہوں نے کراچی سمیت سندھ بھر میں موجود کارکنوں سے دریافت کیا کہ کیا آپ سندھ میں طالبانائزیشن چاہتے ہیں؟ اس پر تمام کارکنوں نے ایک آواز ہوکر جواب دیا ’’ ہرگز نہیں ‘‘ ۔انہوں نے کہا کہ مجھے پورا یقین ہے کہ سندھ کے غیور بیٹے سندھ دھرتی پر مذہبی انتہا پسندوں کا قبضہ نہیں ہونے دیں گے اوراپنے اتحاد سے طالبانائزیشن کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے ۔انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ آپ اپنے اپنے علاقوں میں چوکس رہیں اور اپنے اتحاد کو برقرار رکھیں ۔

## ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے، الطاف حسین

## مخیرّ حضرات رمضان المبارک میں زکوٰۃ، فطرہ، صدقہ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کا دائرہ صرف پاکستان تک محدود نہیں ہے

## ذمہ داران وکارکنان زکوٰۃ فطرہ کے عطیات کی وصولی کے دوران زور زبردستی کا ہرگز مظاہرہ نہ کریں اور کسی کو بھی مخصوص رقم کی رسید لکھ کر نہ دیں

## کراچی اور سندھ کے 19 شہروں میں اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔24، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیرّ حضرات سے اپیل کی کہ وہ رمضان المبارک میں زکوٰۃ، فطرہ، صدقہ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔ یہ بات انہوں نے کراچی کے علاوہ سندھ کے 19 شہروں میں منعقدہ ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جنرل ورکرز اجلاس کے سلسلے میں مرکزی اجتماع خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں ہوا۔ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ایک فلاحی ادارہ ہے جو 1978ء سے لیکر آج کے دن تک فلاحی خدمات انجام دیتا چلا آرہا ہے۔ یہ ادارہ صرف رمضان المبارک میں عید سے قبل ہی غریب و مستحق افراد کی مالی امداد نہیں کرتا بلکہ قدرتی آفات، حادثات، سیلاب، زلزلہ اور طوفان کی تباہ کاریوں سے متاثر ہونے والے افراد کی مدد کرتا رہا ہے جبکہ اس ادارے کے تحت غریب بیواؤں، یتیموں اور مستحق طالبعلموں کی مالی امداد کا سلسلہ سال بھر جاری رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8، اکتوبر 2005ء کو صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں جب قیامت خیز زلزلہ آیا تو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار، ایم کیوایم کے ذمہ داران، حق پرست ارکان پارلیمنٹ اور کارکنان نے جس بڑے پیمانے پر زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کی عملی امداد کی اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ فاؤنڈیشن کے رضا کار اور ایم کیوایم کے کارکنان نے جس طرح اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر کئی ماہ تک آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کی اس کی مثال پاکستان میں کوئی دوسری جماعت نہیں دے سکتی۔ جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور امداد کرنے پر ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی اور امدادی سرگرمیوں کی طویل فہرست ہے اور اس کا دائرہ صرف پاکستان تک محدود نہیں ہے۔ ایران میں زلزلہ یا مختلف ممالک میں سونامی کی تباہ کاریاں ہوں خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کی جانب سے ان ممالک میں بھی متاثرہ افراد کیلئے امدادی سامان، غذائی اجناس اور ادویات پر مشتمل کنٹینرز بھجوائے گئے۔ اسی طرح جب صوبہ سندھ کے علاقے تھر اور صوبہ بلوچستان میں قحط وخشک سالی ہوئی تو ایم کیوایم کی جانب سے درجنوں ٹرکوں کے ذریعہ غذائی اجناس، پانی اور ادویات متاثرہ علاقوں میں پہنچائی گئی اور متاثرین کو طبی امداد بھی فراہم کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبی امدادی کیمپوں کے ذریعہ غریب عوام کو نہ صرف علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی جاتی ہے بلکہ بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے تحفظ کیلئے باقاعدگی سے پولیو کے قطرے پلانے کیلئے انتظامات بھی کیے جاتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی اور ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد انسانوں کی خدمت کرنا ہے۔ انہوں نے تمام مخیرّ حضرات سے اپیل کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کا ازخود مشاہدہ کریں اور رمضان المبارک میں زکوٰۃ، فطرہ، صدقہ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تاکہ یہ ادارہ غریب و مستحق افراد کی مزید امداد کرسکے۔ جناب الطاف حسین نے مخیرّ حضرات اور عوام سے مزید کہا کہ وہ بغیر رسید کے زکوٰۃ وفطرہ نہ دیں اور اپنے عطیات کی رسید ضرور حاصل کریں۔ انہوں نے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ زکوٰۃ فطرہ کے عطیات کی وصولی کے دوران کسی بھی فرد زور زبردستی کا ہرگز مظاہرہ نہ کریں اور کسی کو بھی مخصوص رقم کی رسید لکھ کر نہ دیں بلکہ گھر گھر جا کر عوام سے عطیات کی اپیل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ایم کیوایم کا کوئی بھی ذمہ دار یا کارکن زبردستی عطیات وصول کرنے میں ملوث پایا گیا تو ان کے خلاف تنظیمی نظم وضبط کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ جناب الطاف حسین نے اجتماعات کے شرکاء کو رمضان المبارک کی پیشگی مبارکباد بھی پیش کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سات رکنی ٹرسٹیز پر مشتمل کمیٹی کا اعلان کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نے اپنے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے نئے سات رکنی ٹرسٹیز اوراس کے عہدیداروں کا اعلان کردیا ہے ۔ یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورصوبائی وزیرشعیب احمد بخاری نے اتوار کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ہونے والے کارکنوں اور رضا کاروں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اعلان کے مطابق ٹرسٹ کے مینجنگ ٹرسٹی وہ خود ہوں گے جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستارسیکریٹری جنرل ہوں گے،ٹرسٹ کے دیگر ٹرسٹیز میں معروف صنعتکار عبدالحسیب، ارشد عبداللہ وہرہ، احمد چنائے ، رکن رابطہ کمیٹی عادل صدیقی ٹرسٹی ہونے کے علاوہ ٹریژار بھی ہوں گے جبکہ کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے ڈاکٹر وقار کاظمی ٹرسٹی مقرر کئے گئے ہیں۔

## خالق انجم مرحوم اوررابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ کی پہلی برسی کے موقع پرالطاف حسین کی خصوصی دعا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے سابق سیکٹرانچارج خالق انجم مرحوم اوررکن رابطہ کمیٹی سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ کی پہلی برسی پران کی مغفرت کیلئے خصوصی دعا کی ہے۔انہوں نے یہ دعا اتوار کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کارکنوں اوررضا کاروں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کی۔

## کراچی اوراندرون سندھ کے اجتماعات میں کارکنان نے آصف علی زرداری کی بطورصدارتی امیدوارنامزدگی کی توثیق کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں شریک ہزاروں کارکنوں اوررضا کاروں نے پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی بطورصدارتی امیدوارایم کیوایم کیجانب سے نامزدگی کی مکمل طور پرتوثیق کردی ہے۔ یہ توثیق انہوں نے اتوار کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر واقع کراچی اوراندرون سندھ میں ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر پرکارکنان کے بڑے اجتماعات میں جناب الطاف حسین کے اس سلسلے میں ہونے والے ایک سوال پرکی۔ یہ خطاب کراچی سمیت سندھ بھر کے 19 شہروں میں بیک وقت سنا گیا۔

## الطاف حسین کا خطاب کراچی،لندن سمیت اندرون سندھ کے 18 بڑے اوراہم شہروں میں بیک وقت سماعت کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ایم کیوایم کے کارکنوں اورفاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے اجلاس اتوار کے روز کراچی اورلندن سمیت سندھ کے 18 بڑے اوراہم شہروں میں بیک وقت منعقد ہوئے جہاں الطاف حسین کا خطاب بھی بیک وقت سماعت کیا گیا۔ان شہروں میں حیدرآباد،سکھر،قمبر شہدادکوٹ،میرپورخاص،جیکب آباد،شکارپور،کشمور،نوشہروفیروز،دادو،ٹھٹھہ،سانگھڑاورجامشوروبھی شامل ہیں۔

## واہ کینٹ خودکش بم دھماکوں پر میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار ہمدردی،زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ دنوں واہ کینٹ میں دہشت گردی کے واقعہ پراپنے شدید غم وغصہ کا اظہار کیا ہےاور اس کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اورتعزیت کی ہے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کے ذمہ داروں کوگرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔اتوار کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں رضا کاروں اورکارکنوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہےاورزخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## الطاف حسین، ملک کو بحران سے نکالنے کا آخری راستہ ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## کراچی سمیت سندھ بھر میں جنرل ورکرز اجلاس سے مقررین کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان کو کثیر الجہتی بحران سے نکالنے کیلئے گزشتہ چند دنوں میں جناب الطاف حسین اپنی سیاسی بصیرت کا لوہا جس طرح منوایا ہے اس کا اعتراف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں کیا جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کے روز رمضان المبارک میں زکوۃ، فطرہ اور دیگر عطیات کی رضا کارانہ طور پر وصولی کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں رضا کاروں اور کارکنان کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب بخاری نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ بات تیزی سے طے ہورہی ہے کہ اب پاکستان کو مکمل طور پر بحران سے نکالنے کیلئے اب اگر کوئی آخری راستہ پاکستان میں بچتا ہے تو وہ متحدہ قومی موومنٹ ہے اور پاکستان کے مسائل کے حل کیلئے آخری حل قائد تحریک الطاف حسین ہیں یہ بات ثابت ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ میں وہ صلاحیتیں ہیں جو اسے دوسری جماعتوں سے انفرادیت دیتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے حکمراں اتحاد کو یہ یقین دلایا ہے کہ خدا کی قسم ہم آپ کی جگہ نہیں لینا چاہتے اور ہم پاکستان مسلم لیگ ن کی سوتن نہیں بننا چاہتے۔ انہوں نے کہا کہ 18 فروری کے عام انتخابات کے بعد جو مفاہمتی عمل جاری تھا ہم نے اس کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا اور وہ آج بھی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر عبدالحسیب نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن بلاتفرق انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے کیونکہ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا ہے کہ ''انسانیت کی خدمت افضل ترین عبادت'' ہے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے کہا کہ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا مینجنگ ٹرسٹی نامزد کرنے پر ان کا شکر گزار ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی مجھے اور میرے ساتھیوں کو جناب الطاف حسین کے اعتماد پر پورا اترنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## گڈز ٹرانسپورٹ برادری کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں، رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔24، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ گڈز ٹرانسپورٹ برادری کے نمائندوں کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں اور اس بحران کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود پاکستان میں ڈیزل کی قیمتیں کم نہیں کی گئی ہیں جسکے باعث ٹرانسپورٹ برادری میں گہری تشویش پائی جاتی ہے اور وہ ہڑتال پر مجبور ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کی وجہ سے کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم بند میں کاروبار زندگی معطل ہے اور کراچی کے صنعتکاروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹ برادری کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں۔

## کراچی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے، ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔24، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور بجلی کی قیمت میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب کراچی کے صارفین بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے ذہنی اذیت کا شکار ہیں اور دوسری جانب بجلی کی قیمت میں 60 فیصد سے زائد اضافہ سے عوام میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام غربت، مہنگائی اور بے روزگاری جیسے سنگین مسائل کا شکار ہیں اور ان پر بجلی کی قیمت میں اضافہ کا بوجھ ڈالنا سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## معروف بزرگ حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے تین روزہ عرس کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے
## طبی امدادی کیمپ کا قیام ہزاروں زائرین کو طبی امداد فراہم کی گئی
## گورنر سندھ،صوبائی وزیر اوقاف اور ایم کیوایم کے ذمہ داران نے طبی کیمپوں کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔24،اگست 2008ء۔۔۔معروف بزرگ حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے تین روزہ عرس کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ دادوزون کی جانب سے زائرین کو طبی امداد کی فراہمی کیلئے فری طبی امدادی کیمپ لگائے گئے اور طبی امدادی کیمپوں میں ہزاروں زائرین کو طبی امداد فراہم کی گئی۔طبی امدادی کیمپوں میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی حیدرآباد کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان زائرین کو طبی امداد فراہم کی گئی۔گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے ایم کیوایم کی جانب سے لگائے گئے طبی امدادی کیمپوں کا دورہ کیا۔جبکہ حق پرست ارکان اسمبلی،ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی ایم کیوایم کے طبی امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اور زائرین کو فراہم کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔تین روزہ عرس کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے ہزاروں زائرین کو طبی امداد فراہم کی گئی۔اس موقع پر حضرت لعل شہباز قلندر کے مزار کے اطراف ایم کیوایم کی جانب سے بڑی تعداد میں استقبالیہ بینرز اور ایم کیوایم کے پرچم لگائے گئے تھے۔اس موقع پر زائرین کی جانب سے طبی امدادی کیمپوں کے انعقاد کو سراہا گیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یوسی 4 کے کارکن وقاص کو خارج کردیا گیا

کراچی۔۔۔24،اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی آگرہ تاج سیکٹر یوسی 4 کے کارکن وقاص ولد عبدالرشید کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکنان محمد احد اور محمد عارف سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24،اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکنان محمد احد اور محمد عارف کی والدہ محترمہ صغریٰ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆